سوال

آخری رکعات میں سورہ فاتحہ کے ساتھ کسی سورت کا ملانا

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

چار اور تین رکعت والی نمازوں میں آخری دو یا ایک رکعت میں صرف سورہ فاتحہ پڑھنا یا اس کے ساتھ کوئی سورت ملانا کونسا عمل زیادہ صحیح ہے ؟

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!
الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

چار رکعت والی نماز کی آخری دو رکعتوں اور تین رکعت والی نماز کی آخری رکعت میں سورہ فاتحہ پڑھنا بھی صحیح ہے اور اس کے ساتھ اگر سورت ملالیں تو یہ بھی صحیح ہے۔ یہ دونوں عمل صحیح احادیث سے ثابت ہیں۔

دیکھئے بخاری (صفۃ الصلوۃ باب یقراء فی الاخرین بفاتحۃ الکتاب ح 776) اور صحیح مسلم الصلوۃ باب القراءۃ فی الظہر والعصر ح 454، 451)

ھذا ما عندی واللہ اعلم بالصواب

فتاویٰ علمیہ (توضیح الاحکام)

ج1ص387

محدث فتویٰ